# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو ناول کا ارتقاء: بیسویں صدی تا حال (9017) سمسٹر: خزاں 2026

سطح: بی ایس

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1: ناول "ایسی بلندی ایسی پستی" میں حیدر آبادی اشرافیہ اور نچلے طبقے کے تقابل کے ذریعے عزیز احمد نے کس حد تک تہذیبی زوال کی عکاسی کی ہے؟ تفصیلی جواب دیں۔ (20)

سوال 2: شوکت صدیقی نے "خدا کی بستی" کے تاریک ماحول میں معاشی استحصال کو کس طرح جرائم کی بنیاد کے طور پر پیش کیا ہے؟ بحث کریں۔ (20)

سوال 3: خدیجہ مستور نے "آنگن" کی چار دیواری کو کس طرح برصغیر کی سیاسی تحریکوں اور ان کے اثرات کا استعارہ بنایا ہے؟ تفصیلی جواب دیں۔ (20)

سوال 4: کیا "اداس نسلیں" میں روشن فکری اور جدوجہدِ آزادی کا انجام نوجوان نسل کی لایعنیت اور اداسی پر ختم ہوتا ہے؟ دلائل کے ساتھ رائے دیں۔ (20)

سوال 5: جمیلہ ہاشمی نے منصور حلاج کے تاریخی پس منظر میں صوفیانہ وجود اور مروجہ ریاستی طاقت کے ٹکراؤ کو کیسے دکھایا ہے؟ تفصیلی جواب دیں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1: قرۃ العین حیدر کے ناول "گردشِ رنگِ چمن" میں جاگیردارانہ نظام کے مٹتے ہوئے آثار اور نئی مادی اقدار کے ابھار کو ناول نگار نے کس حد تک غیر جانبدارانہ دکھایا ہے؟ نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 2: بہاؤ میں تارڑ نے وادئ سندھ کی قدیم تہذیب کے مٹنے اور پانی کے سوکھنے کے عمل کو انسانی وجود کے زوال سے کیسے جوڑا ہے؟ نیز تفصیلی بتائیں کہ "بہاؤ" کی مخصوص لسانی تشکیل اور اجنبی الفاظ کا چناؤ ناول کی فضا اور تہذیبی تشخص کو کس طرح قائم رکھتا ہے؟ (20)

سوال 3: ناول ''غلام باغ'' میں مرزا اطہر بیگ نے مابعد جدید فکر اور وجودی گتھیوں کو ناول کے کرداروں کے نفسیاتی بحرانوں میں کیسے سمویا ہے؟ بحث کریں۔ (20)

سوال 4: فاروقی نے وزیر خانم کے متحرک کردار کی مدد سے انیسویں صدی کے دہلوی معاشرے اور زنانہ شعور کی کیا تصویر کشی کی ہے؟ تفصیلی جواب دیں۔ (20)

سوال 5: بیسویں صدی سے تاحال اردو ناول کے ارتقائی سفر کا کتاب میں شامل فکشن نگاروں کے حوالے سے تقابلی جائزہ لیں۔ نصاب میں شامل مختلف ناولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی رائے کا اظہار کریں۔ (20)